معروف عالم دین حافظ ذکاء اللہ انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

جماعتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن وملال سے سنی گئی کہ جماعت کے معروف عالم دین، دینی وعلمی حلقوں میں مقبول شخصیت مولانا حافظ ذکاء اللہ صاحب ۲۳ فروری ۲۰۰۸ء بروز ہفتہ انتقال فرما گئے۔ مرحوم جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تدریسی فرائض سرانجام دیتے رہے۔ موصوف متقی، پرہیزگار اور مرنجاں مرنج شخصیت تھے۔ ساری زندگی تعلیم و تدریس کے ذریعہ خدمتِ دین میں گزار دی۔ کافی عرصہ سے بیمار تھے۔ آخر وقت مقررہ آن پہنچا اور وہ اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو گئے۔

ان کی نمازِ جنازہ شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے دوسرے دن ۲۴ فروری ۲۰۰۸ء کو پڑھائی۔ جس میں علماء، طلباء، شیوخ الحدیث اور ملتبہ فکر کے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔

انتظامیہ اساتذہ وطلبہ جامعہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا کی۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

عظیم سکالر حافظ عبدالرشید اظہر حفظہ اللہ کو صدمہ

۲۴ فروری ۲۰۰۸ء بروز اتوار شیخ الحدیث حضرت مولانا علی محمد سعیدی رحمۃ اللہ علیہ کی بیوہ اور عظیم سکالر حافظ عبدالرشید اظہر آف اسلام آباد کی خوش دامن انتقال کر گئیں۔ مرحومہ صالحہ صابرہ اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔

مرحومہ کی نمازِ جنازہ خانیوال میں حافظ عبدالرشید صاحب نے پڑھائی۔ انتظامیہ، اساتذہ، طلباء جامعہ سلفیہ نے مرحومہ کی وفات پر اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل کی توفیق فرمائے۔ آمین۔